© rasailojaraid.com



کہا کہ کلچر، تہذیب اور ثقافت کے نام پر قوم کو بے حیا، اخلاق باختہ بنایا جا رہا ہے۔ تفریح کے نام پر نوجوان نسل کے ذہن کو مسموم کر کے رکھ دیا گیا ہے۔ ان حالات میں قرآنِ کریم کی تعلیمات ہم سے مطالبہ کرتی ہیں کہ ہم انسانوں کے بنائے ہوئے نظاموں سے بغاوت کر کے اللہ کے بنائے ہوئے قانون کے نفاذ کے لئے انقلابی سوچ پیدا کر کے میدانِ عمل میں کود پڑیں۔

جو قصدِ منزلِ حق ہے تو پھر کتابِ مبیں کو
ہجومِ تیرہ شبی میں چراغِ راہ بنا ؤ

چکڑالہ
عبد الخالق خلیق

# رافضی دکانداروں کا بائیکاٹ کیا جائے گا

مجلس احرارِ اسلام چکڑالہ (ضلع میانوالی) کے حالیہ اجلاس میں کارکنوں کی بڑی تعداد سے خطاب کرتے ہوئے جناب کپتان غلام محمد نے کہا کہ علاقہ میں جماعت کے کام کی رفتار ان شاء اللہ اور تیز کر دی جائے گی، انہوں نے ساتھیوں سے کہا کہ سب اراکین و معاونین کو چاہئے کہ اپنے مکانوں پر جماعت کے پرچم لہرائیں، انہوں نے مزید کہا کہ اب علاقہ بھر میں احرار کارکن یہ مہم چلائیں گے کہ رافضی دکانداروں کا مکمل بائیکاٹ کیا جائے تاکہ عوام میں بیداری پیدا ہو اور وہ کفر کے مقابلہ میں اپنے آپ کو منظم کرنے کا سوچ سکیں، انہوں نے مزید کہا کہ ہم شناختی کارڈ میں مذہب کے خانہ کے اضافہ کے مجلسِ عمل تحفظ ختمِ نبوت کے مطالبہ کی بھرپور تائید و حمایت کرتے ہیں کیونکہ ملک و ملت کے مفاد اور قادیانی سازشوں کے مقابلہ کے لئے ایسا کرنا بہت ضروری ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ہے تکبر زر پہ لاحاصل کہ بعد از مرگ بس<br>ایک ہی رستہ ہے سب شاہ و گدا کے واسطے<br>مال و زر ملک و زمیں گنج و سپاہ!<br>کب کسی کو ہے بقا سب ہے فنا کے واسطے | مُرسلہ<br>عبد الواحد بیگ<br>المرحوم<br>ملتان | کچھ لوگ تمنائے زر و مال میں خوش ہیں<br>اور بعض تماشائے خد و خال میں خوش ہیں<br>اسباب ہیں سودائی یہ سب رنج و الم کے<br>اچھے تو ہیں وہ کہ جو ہر حال میں خوش ہیں |

© rasailojaraid.com